# بالغوں کی صحت کی خدمات کا استعمال شروع کرنے والے نوجوانوں کے نگرانوں کے لیے معلومات

OCTOBER 2022 **Information for carers of a young person moving to adult health services**

**جب ایک بڑا ہوتا ہوا بچہ بچوں کی صحت کی خدمات کو چھوڑ کر بالغوں کی صحت کی خدمات کا استعمال شروع کرے تو عملۂ صحت اس کے لیے 'ٹرانزیشن' کا لفظ استعمال کرتا ہے۔ سات اصول ٹرانزیشن کے لیے رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ یہ یاد رکھنے کی باتیں آپ کے لیے واضح کرتی ہیں کہ آپ اپنے بچے کی ٹرانزیشن میں مدد دینے کے لیے ان اہم اصولوں کو کیسے استعمال کر سکتے ہیں۔**

## 1۔ ٹرانزیشن کا رسمی عمل

- ہو سکتا ہے یہ عمل سیدھا سادہ نہ ہو لیکن ان اصولوں کا مقصد ٹرانزیشن کے عمل کو سمجھنا اور اس سے گزرنا آسان بنانا ہے۔
- اگر ممکن ہو تو اپنے بچے کو 14 سال کی عمر سے اس مقصد کے لیے سہارا دینا شروع کریں کہ وہ اپنے ڈاکٹر یا ہیلتھ کیئر ٹیم/ٹیموں کے ساتھ بات کرے کہ بالغوں کی صحت کی خدمات میں ٹرانزیشن کا عمل کیا ہے اور یہ کب ہو گا۔ ممکن ہے بچے کی مختلف ہیلتھ کیئر ٹیموں کے سلسلے میں اس کا وقت مختلف ہو۔
- اگر ممکن ہو تو اپنے بچے کو یہ پوچھنے کے لیے سہارا دیں کہ یہ نئی بالغوں کی صحت کی خدمات کہاں ہو سکتی ہیں۔

## 2۔ جلد تیاری

- کیا آپ سمجھتے ہیں کہ ٹرانزیشن کا کیا مطلب ہے؟ ACI factsheet and checklist (ACI کا معلوماتی پرچہ اور چیک لسٹ) دیکھیں۔
- جتنی جلدی ہیلتھ کیئر ٹیم/ٹیمیں آپ کے بچے کو بالغوں کی صحت کی خدمات میں لانے کے متعلق بات بات کرنا شروع کریں گی، آپ کے پاس اپنے بچے کے ساتھ منصوبہ بندی اور تیاری کے لیے اتنا ہی زیادہ وقت ہو گا۔ یہ ایک مشکل وقت ہو سکتا ہے جس میں بہت سی تبدیلیاں ہو رہی ہوتی ہیں۔
- اگر آپ کے بچے کا کوئی جنرل پریکٹیشنر (جی پی) نہیں ہے تو اس کے لیے ایسا جی پی ڈھونڈیں جو ٹرانزیشن میں شامل ہو سکتا ہو۔
- اگر آپ کا بچہ آگہی کی بنیاد پر فیصلے کرنے کے قابل نہ ہو تو کیا آپ کو صحت اور علاج کے فیصلوں کے لیے گارڈین شپ پر غور کرنے کی ضرورت ہے؟

## 3۔ بڑے ہوتے ہوئے بچوں کو خود اپنے کام سنبھالنے کے لیے صلاحیت دلانا، حوصلہ افزائی کرنا اور اس قابل بنانا

- ہیلتھ کیئر ٹیم/ٹیموں کے ساتھ اس بارے میں بات کریں کہ آپ کو اپنے بچے کو سہارا دینے کے لیے کن چیزوں کی ضرورت ہے اور نگرانوں کو سہارا دینے کے لیے کیا ضروری ہے۔
- کیا آپ اور آپ کا بچہ جانتے ہیں کہ اپائنٹمنٹس اور ڈاکٹروں سے ملنے کے لیے ریفرلز کیسے لی جاتی ہیں؟ اگر آپ کو اس سلسلے میں مدد کی ضرورت ہے تو اپنے ٹرانزیشن کوآرڈینیٹر/ فیسیلیٹیٹر سے بات کریں۔
- نئی بالغوں کی صحت کی ٹیم/ٹیموں میں جانا مشکل ہو سکتا ہے۔ اپنے جی پی یا ہیلتھ کیئر ٹیم سے پوچھیں کہ کیا آپ سوشل ورکر، سائیکالوجسٹ یا مریضوں کے رابطہ افسر (patient liaison officer) سے بات کر سکتے ہیں۔
- آپ یہ بھی پوچھ سکتے ہیں یا گوگل کر سکتے ہیں کہ کیا کوئیpeer support گروپس (اپنے جیسے لوگوں کے گروپ) موجود ہیں۔ اکثر لوکل ہیلتھ ڈسٹرکٹس میں کیئرر سپّورٹ پروگرام دستیاب ہے۔ یا آپ Carers NSW یا Carer Gateway ویب سائیٹس پر مدد تلاش کر سکتے ہیں۔

NSW GOVERNMENT | AGENCY FOR CLINICAL INNOVATION

ACI 6550 [10/22] | SHPN (ACI) 221040-3 | TRIM 22/2346

## 4۔ ٹرانزیشن کوآرڈینیٹر یا فیسیلیٹیٹر کا پتہ چلانا

- بالغوں کی صحت کی خدمات میں ٹرانزیشن کی منصوبہ بندی اور انتظام کے لیے مدد کی اولّین ذمہ داری کس شخص پر ہے؟
- اگر آپ کو کوئی مشکل ہو رہی ہو تو یہ شخص مدد کر سکتا ہے۔
- ہیلتھ کیئر ٹیم/ٹیموں سے پوچھیں کہ کیا آپ کو ٹرانزیشن سپّورٹ سروس سے فائدہ ہو سکتا ہے۔

## 5۔ اچھی کمیونیکیشن

- کیا ہیلتھ کیئر ٹیم/ٹیموں نے آپ اور آپ کے بچے کو ٹرانزیشن کے عمل کے متعلق وضاحت سے بتایا ہے؟
- کیا آپ کو پتہ ہے کہ نئی خدمات کونسی ہیں اور کہاں واقع ہیں؟
- کیا آپ کے پاس کلینک یا ہسپتال کے خطوط، ٹیسٹوں کے نتائج اور ریفرلز کی کاپیاں ہیں؟
- • آپ اور آپ کا بچہ ہیلتھ کیئر ٹیم/ٹیموں سے کونسے سوالات پوچھنا چاہتے ہیں؟
- بالغوں کی ہیلتھ کیئر ٹیمیں شاید براہ راست آپ کے بچے سے بات کرنا چاہیں۔ اچھا ہو گا کہ آپ اپنے بچے کے ساتھ اس بارے میں بات کریں۔ اگر آپ کا بچہ آگہی کی بنیاد پر فیصلے کرنے کے قابل نہیں ہے تو آپ کو بالغوں کی ہیلتھ کیئر ٹیم/ٹیموں سے بات کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

## 6۔ انفرادی ٹرانزیشن پلان

- کیا ٹرانزیشن کوآرڈینیٹر/فیسیلیٹیٹر نے تحریری ٹرانزیشن پلان بنایا ہے جس میں نئی بالغوں کی صحت کی خدمات کی تمام تفصیلات اور دوسری اہم معلومات شامل ہیں؟
- کیا آپ یا آپ کے بچے کے پاس ٹرانزیشن پلان کی کاپی ہے؟

## 7۔ خیال رکھنا اور جائزہ

- کیا بالغوں کی صحت کی خدمات کے ساتھ ابتدائی اپائنٹمنٹس کے بعد سے ٹرانزیشن کوآرڈینیٹر/فیسیلیٹیٹر نے آپ یا آپ کے بچے سے رابطہ کر کے پتہ کیا ہے کہ یہ کیسا رہا تھا؟
- کیا آپ یا آپ کے بچے کو پتہ ہے کہ نئی بالغوں کی صحت کی خدمات کے ساتھ کوئی مسئلہ ہونے پر کس سے رابطہ کرنا چاہیے۔ کیا آپ کو ٹرانزیشن فیسیلیٹیٹر، جی پی یا اپنی پرانی ہیلتھ کیئر ٹیم سے رابطہ کرنا چاہیے؟

## کیا آپ ٹرانزیشن کے متعلق مزید معلومات لینا چاہتے ہیں؟

**Agency for Clinical Innovation's (جدید کلینیکل طریق کار کی ایجنسی) (ACI) کے ٹرانزیشن میں مدد دینے والے وسائل دیکھنے کے لیے یہ QR کوڈ استعمال کریں۔**

ACI Transition Care Service (ACI ٹرانزیشن کیئر سروس) نیو ساؤتھ ویلز میں صحت کے دائمی مسائل رکھنے والے ان نوعمر لوگوں کو مدد دیتی ہے جنہیں بالغوں کی صحت کی خدمات کا استعمال شروع کرنے کے لیے اضافی مدد کی ضرورت ہو۔

Trapeze سروس ان نوعمر افراد کو بالغوں کی صحت کی خدمات کا استعمال آسانی سے شروع کرنے کے لیے مدد کرتی ہے جو سڈنی چلڈرنز ہاسپٹل یا Westmead چلڈرنز ہاسپٹل میں مریض رہ چکے ہیں۔

آپ Trapeze کے متعلق مزید معلومات www.schn.health.nsw.gov.au/find-a-service/health-medical-services/trapeze پر لے سکتے ہیں۔

CC BY-ND

©State of New South Wales (Agency for Clinical Innovation) 2022. Creative Commons Attribution-NoDerivatives 4.0 licence.

مزید معلومات کے لیے دیکھیں: aci.health.nsw.gov.au

ACI لوگو کے لیے Creative Commons لائسنس واجب نہیں ہے اور اسے صرف واضح اجازت کے ساتھ استعمال کیا جا سکتا ہے۔

ACI 6550 [10/22] | SHPN (ACI) 221040-3 | TRIM 22/2346